**D–2–B**

Roll No.................................

Total No. of Questions : 16]                    [Total No. of Printed Pages : 16

# 10th ARA(HZ)JK/LEHUT2024

# 1302–B

# URDU

**Time : 3 Hours]**                    **[Maximum Marks : 80**

## حصہ" الف "

۱۔ درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیئے اور آخر پر دی گئی خالی جگہوں کو اسی عبارت سے چنے گئے مناسب الفاظ سے پُر کیجئے۔ ۵x۱=۵

دنیا میں پیدا ہونے والا ہر بچہ فرشتہ صفت ہوتا ہے۔ پھر ماحول اور تربیت کے مطابق اس کی شخصیت تشکیل پاتی ہے۔ بچے کی تربیت میں سب سے اہم رول ماں کا ہوتا ہے۔ ماں اگر باسلیقہ اور تعلیم یافتہ ہو



https://www.jkboseonline.com

تو بچہ انسان بن جاتا ہے، نہیں تو بولنے والا حیوان۔ اس لئے ضروری ہے کہ عورتوں کو تعلیم کے نور سے روشن کیا جائے۔ دنیا کے سبھی عظیم اشخاص پیغمبر، اوتار، اولیا اللہ، ریشی، بزرگ، مہاتما عورت کی گود میں ہی پلے ہیں۔ بہادروں اور سورماؤں نے ان ہی کا دودھ پیا ہے۔ الغرض اہلِ علم کی نظر میں عورت کا رتبہ سب سے بلند ہے۔ کوئی بھی اولاد ماں کا حق ادا نہیں کر سکتا۔

(i) ماحول اور تربیت کے مطابق بچے کی ------ تشکیل پاتی ہے۔

(ii) ہر بچہ پیدائش کے وقت -------- ہوتا ہے۔

(iii) ------ کی نظر میں عورت کا مرتبہ سب سے بلند ہے۔

(iv) ماں اگر باسلیقہ ہو تو بچہ ------- بن جاتا ہے۔

(v) دنیا کے عظیم انسان ------- کی گود میں پلے ہیں۔

۲۔ درج ذیل شعری جز کو غور سے پڑھنے کے بعد اس کے آخر میں پوچھے گئے سوالات کے جوابات میں سے درست جواب چن لیجئے : ۵×۱=۵

اکثر ریاض کرتے ہیں پھولوں پہ باغباں
ہے دن کو دھوپ رات کو شبنم انہیں گراں
لیکن جو رنگ باغ بدلتا ہے ناگہاں
وہ گل ہزار پردوں میں جاتے ہیں رائیگاں
رکھتے تھے جو عزیز انہیں جان کی طرح
ملتے ہیں دست یاس وہ برگ خزاں کی طرح

(i) یہ شعری جز کس نظم سے لیا گیا ہے ؟

(الف) جگنو

(ب) اولوالعزمی

(ج) زلزلہ ائن

(د) خاکِ ہند



https://www.jkboseonline.com

(ii) اس نظم کا شاعر کون ہے؟

(الف) چکبست

(ب) اقبال

(ج) حالی

(د) نظیر اکبرآبادی

(iii) باغباں کن پر ریاض کرتے ہیں؟

(الف) کلیوں پر

(ب) چمن پر

(ج) دھوپ پر

(د) پھولوں پر

(iv) دھوپ اور شبنم کن پر گراں ہیں؟

(الف) کلیوں پر

(ب) بوٹوں پر

(ج) پھولوں پر

(د) شگوفوں پر

(v) کون پھولوں کو جان کی طرح عزیز رکھتے ہیں؟

(الف) کسان

(ب) باغباں

(ج) زمیندار

(د) پہرے دار



https://www.jkboseonline.com

۴۔ درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھنے کے بعد اس کے آخر میں پوچھے گئے سوالات کے مختصر جواب لکھیے۔

جموں و کشمیر میں اُردو زبان و ادب کی جو اہمیت ہے وہ ہم سب جانتے ہیں۔ اُردو کو ہماری نہیں بلکہ ہمیں اُردو زبان کی ضرورت ہے۔ اُردو کے بغیر ہم ایک تہذیب و تمدن اور ایک تاریخ سے دور ہو جائیں گے۔ ہم اُردو کے علم و ادب کے خزانوں سے محروم ہو جائیں گے۔ اُردو مشترکہ تہذیب اور قومی یکجہتی کی ضامن ہے۔ اس زبان میں میرؔ، غالبؔ، اقبالؔ، سرسید، جگن ناتھ آزاد اور پریم چند جیسے ادیب اور شاعر پیدا ہوئے۔ اُردو کی پیدائش ہندوستان کی سرزمین مین ہوئی۔ یہ زبان ہندو مسلم سکھ اتحاد کی علامت ہے۔

(i) اُردو زبان کے بغیر کیا ہو سکتا ہے؟

(ii) اُردو زبان کس چیز کی ضامن ہے؟

(iii) پانچ ادیبوں اور شاعروں کے نام بتایئے جو اُردو زبان نے ہمیں دیئے۔

(iv) اُردو زبان کس چیز کی علامت ہے؟

(v) اُردو کی پیدائش کہاں ہوئی ؟

حصہ'' ب ''

۴۔ (الف) درج ذیل الفاظ میں سے صرف تین کو جملوں میں اس طرح استعمال کیجئے کہ ان کی تذکیر و تانیث واضح ہو جائے : ۳

(i) مکان

(ii) کرایہ

(iii) عمارت

(iv) گھاس

(v) علم



https://www.jkboseonline.com

(ب) درج ذیل الفاظ میں سے صرف دو کو اس طرح استعمال کیجئے

کہ ان کا واحد یا جمع ہونا واضح ہو جائے : ۲

(i) تصویر

(ii) دوا

(iii) شرفاء

(iv) اکابر

۵۔ دیئے گئے حروف میں سے صرف دو کی تعریف مع مثال لکھئے : ۲+۲=۴

(i) حروف تعجب

(ii) حروف جار

(iii) حروف تاکید



https://www.jkboseonline.com

۶۔ ہدایات کے مطابق جوابات لکھئے : 5×1=5

(الف) ''یہ شاندار عمارت ہے۔'' اس جملے میں لفظ شاندار قواعد کے لحاظ سے کیا ہے؟

(i) فاعل

(ii) مفعول

(iii) فعل

(iv) اسم صفت

(ب) ''امجد نے خط لکھا۔'' اس جملے لفظ خط قواعد کے لحاظ سے کیا ہے؟

(i) فاعل

(ii) مفعول

(iii) فعل

(iv) صفت



https://www.jkboseonline.com

(ج) ''استاد کلاس میں پڑھا رہا ہے۔'' اس جملے میں استاد قواعد کے لحاظ سے کیا ہے؟

(i) فاعل

(ii) مفعول

(iii) فعل

(iv) اسم صفت

(د) ''قاتل بھاگنے میں کامیاب ہوگیا۔'' اس جملے میں قاتل قواعد کے لحاظ سے کیا ہے؟

(i) فاعل

(ii) مفعول

(iii) فعل

(iv) اسم صفت

(ہ) ''موہن بڑا ہوشیار ہے۔'' اس جملے میں ہوشیار قواعد کے لحاظ سے کیا ہے؟

(i) فاعل

(ii) مفعول

(iii) فعل

(iv) اسم صفت

۷۔ درج ذیل محاوروں میں سے صرف دو کو جملوں میں استعمال کیجئے: ۲

(i) آب آب ہونا

(ii) آنکھیں پھیر لینا

(iii) ٹس سے مس نہ ہونا

(iv) باغ باغ ہونا



https://www.jkboseonline.com

۸۔ کسی ایک جملے کی ترکیب نحوی کیجئے اور جملے کا نام بھی لکھئے : ۴

(i) طالب علم جماعت کے کمرے میں بیٹھا ہے۔

(ii) رشید ذہین لڑکا ہے۔

حصہ" ج "

۹۔ درج ذیل اصناف ادب میں سے کسی ایک پر نوٹ لکھئے : ۵

(i) ڈرامہ

(ii) انشائیہ

(iii) قطعہ

(iv) مرثیہ

۱۰۔ درج ذیل درسی اسباق میں سے کسی ایک کا خلاصہ لکھئے : ۵

(i) عبرت

(ii) اقبال اور انسانیت

(iii) خوشامد



https://www.jkboseonline.com

۱۱۔ اشعار کی تشریح بحوالۂ شاعر کیجئے: ۲×۳=۶

(i) پہنچا جو آپ کو تو میں پہنچا خدا تئیں

معلوم اب ہوا کہ بہت میں بھی دور تھا

''یا''

غم و غصہ، رنج اندوہ و حرماں

ہمارے بھی ہیں مہرباں کیسے کیسے

(ii) کعبہ کس مُنہ سے جاؤ گے غالب

شرم تم کو مگر نہیں آتی

''یا''

تمناؤں میں الجھایا گیا ہوں

کھلونے دے کے بہلایا گیا ہوں

(iii) ایک بھی موسم میرے اندر نہ تھا

اور آنکھوں میں کوئی منظر نہ تھا

''یا''

ہوں اس کوچہ کے ہر ذرہ سے آگاہ

ادھر سے مدتوں آیا گیا ہوں

۱۲۔ درج ذیل سوالات میں سے صرف دو کے جواب لکھیے : ۵= ۲½+۲½

(i) اولوالعزمی کے لفظی معنی کیا ہے؟ یہ نظم کس شاعر نے لکھی ہے؟

(ii) نظم شکست انتظار میں کس طرح کی کی ذہنی کیفیت کی تصویر کشی کی گئی ہے؟

(iii) حضرت امام حسینؓ نے یزیدیوں سے کیا سوال کیا؟

(iv) مُفلسی آدمی کو کس کس طرح سے ستاتی ہے؟

۱۳۔ درج ذیل سوالات میں سے صرف دو کے جواب لکھئے : ۵=۲$\frac{1}{2}$+۲$\frac{1}{2}$

(i) مبارک کون تھا ؟ شہزادے کو کس کے پاس مدد حاصل کرنے کے لیے لے گیا ؟

(ii) پنڈت چندر دھر کو اپنے پیشے کی عظمت کا احساس کس طرح ہوا ؟

(iii) خوشامدی میں کیا کیا عیب ہوتے ہیں ؟

(iv) گھر آنے پر لکڑہارے اور اس کی بیوی میں کیوں تو تو میں میں ہونے لگی ؟

۱۴۔ درج ذیل ادباء اور شعراء میں سے کسی ایک کے حالاتِ زندگی تحریر کیجئے : ۵

(i) سر سید احمد خان

(ii) میر امن دہلوی

(iii) مرزا غالب

(iv) میر تقی میر



https://www.jkboseonline.com

حصہ " د "

۱۵۔ گھر میں شادی کی تقریب کے سبب اپنے اسکول کے سربراہ کے نام ایک ہفتے کی رخصتی کی درخواست لکھیے۔ ۶

"یا"

اپنے چھوٹے بھائی کو ایک خط لکھیے جس میں اُسے پڑھنے کے ساتھ ساتھ کھیل کود میں حصّہ لینے کی تلقین کی گئی ہو۔

۱۶۔ کسی ایک عنوان پر دوسو (۲۰۰) الفاظ پر مشتمل مضمون تحریر کیجئے: ۸

(i) سائنس کی برکات

(ii) عورتوں کی تعلیم

(iii) موبائل فون کے مُضر اثرات

(iv) کھیلوں کی اہمیت

https://www.jkboseonline.com
Whatsapp @ 9300930012
Send your old paper & get 10/-
अपने पुराने पेपर्स भेजे और 10 रुपये पायें,
Paytm or Google Pay से



https://www.jkboseonline.com